# EQUIP DIET KASARAGOD
# SSLC EXAMINATION – 2023

Maximum Score : 40 **URDU** Time : 1½ Hours

- ആദ്യത്തെ 15 മിനിറ്റ് സമാശ്വാസ സമയമാണ്.
- ഈ സമയം ചോദ്യങ്ങൾ വായിക്കുന്നതിനും ഉത്തരങ്ങൾ ആസൂത്രണം ചെയ്യുന്നതിനും ഉപയോഗിക്കാവുന്നതാണ്.
- ഓരോ ചോദ്യത്തിനും നൽകിയിരിക്കുന്ന നിർദ്ദേശങ്ങൾ കൃത്യമായി വായിച്ച് മനസ്സിലാക്കുക.

## PART I
## A

I 1 سے 6 تک سوالوں سے کسی 4 سوالوں کے جواب لکھیے۔ 4x1=4

1 മുതൽ 6 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 4 ചോദ്യത്തിന് ഉത്തരമെഴുതുക.

۱) ''جب آدمی کے حال پہ آتی ہے مفلسی
کس کس طرح سے اس کو ستاتی ہے مفلسی''
بچّو، یہ شعر کس کا ہے؟

۲) '' میری ساری کامیابیوں کی حقدار صرف میری ماں ہے ماں ......'' یہ کس نے کہا؟

۳) افسانہ' کابلی والا' کس نے لکھا ہے؟

۴) 'عالمی یومِ یوگا' کب منایا جاتا ہے؟

۵) 'پھول والوں کی سیر' کہاں کا میلہ ہے؟

۶) 'کھجر ی کے سائے میں' نامی کہانی کا اہم کردار کون ہے؟

## PART I
## B

II 7 سے 9 تک سب سوالوں کے جواب لکھیے۔ 3x1=3

7 മുതൽ 9 വരെയുള്ള എല്ലാ ചോദ്യങ്ങൾക്കും ഉത്തരമെഴുതുക.

۷) 'انڈا ہے یا دانہ' کس کی لکھی ہوئی کہانی ہے؟

۸) 'جھانسی رانی' جیسی دیس کی آزادی کے لیے لڑائی کی گئی ایک بہادر خاتون کے نام لکھیے۔

۹) ''اپنی آزادی کو ہم ہرگز مٹا سکتے نہیں
سر کٹا سکتے ہیں لیکن سر جھکا سکتے نہیں''
یہ شعر کس کی لکھی ہوئی ہے؟

# PART II
# A

III نیچے دیے گئے سوال کا جواب لکھیے۔ 2

താഴെ തന്ന ചോദ്യത്തിന് ഉത്തരമെഴുതുക.

۱۰) خانہ 'الف' کو خانہ 'ب' سے ملایئے۔

| الف | ب |
|---|---|
| ستاتی ہے مفلسی | مدر ٹریسا |
| غریبوں کا مسیحا | نظر اکبر آبادی |
| کاغذ کی کشتی | لیو ٹالسٹائی |
| کابلی والا | ندا فاصلی |

# PART II
# B

IV 11 سے 12 تک سوالوں سے کسی 1 سوال کا جواب لکھیے۔ 1x2=2

11 മുതൽ 12 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 1 ചോദ്യത്തിന് ഉത്തരമെഴുതുക.

۱۱) عبد الحلیم شرر اردو کے مشہور مضمون نگار ہیں۔ ایسی کسی دو مضمون نگاروں کے نام لکھیے۔

۱۲) مرزا غالب اردو کے مشہور غزل گو شاعر ہیں۔ ایسے دو غزل گو شاعروں کے نام لکھیے۔

# PART III
# A

V 13 سے 16 تک سوالوں سے کسی 3 سوالوں کے جواب لکھیے۔ 3x3=9

13 മുതൽ 16 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 3 ചോദ്യത്തിന് ഉത്തരമെഴുതുക.

۱۳) عبارت غور سے پڑھیے۔ اشاروں کی مدد سے تین سوالات تیار کیجیے۔

ندا فاصلی اردو کے جدید شاعر، ناول نگار اور فلمی گیت کار ہے۔ ۱۹۳۸ء کو ان کی پیدائش دہلی میں ہوئی۔ ان کی شاعری کی زبان آسان اور عام فہم ہے۔ کھویا ہوا سال، آنکھ اور خواب کے درمیان، دنیا میرے آگے، دروازوں کے باہر وغیرہ ان کے کارنامے ہیں۔ ۲۰۱۶ء کو ممبئی میں ان کا انتقال ہوا۔

| اشارے | : | کون، کہاں، کیا کیا، کب، کیسی |
|---|---|---|

۱۴) گووند کہتا ہے'' میں اب بھی تندرست ہوں۔ میں نے ابھی تک نہ کسی ڈاکٹر سے علاج کروایا ہے اور نہ ہی کوئی دوا لی۔''

بچّو، کسان گووند کی تندرستی کی وجوہات کیا کیا ہیں؟ تین جملے لکھیے۔

۱۵) پیڑ کاٹنے کے خلاف کھجری گاؤں والوں نے ایک جلوس نکالنے کا فیصلہ کیا ہے۔

بچّو، پیڑ کاٹنے کے خلاف تین نعرے تیار کیجیے۔

| |
|---|
| جیسے : پیڑ مت کاٹو |

۱۶) ہمارے دیس میں مختلف تہوار منائے جاتے ہیں۔ ہر ایک تہوار دیس کی تہذیب کا نشان ہے۔

a) بچّو، ہمارے دیس کے کسی دو تہواروں کے نام لکھیے۔

b) پسندیدہ تہوار کے بارے میں دو جملے لکھیے۔

## PART III
## B

VI نیچے دیے گئے سوال کا جواب لکھیے۔ 3

താഴെ തന്ന ചോദ്യത്തിന് ഉത്തരമെഴുതുക.

۱۷) فضا ویران ہے گرمی کی شدّت ہے زمانے میں
مگر مصروف ہیں بیچارے دہقان ہل چلانے میں

a) کسان کے بارے میں لکھا ہوا اس شعر کا شاعر کون ہے؟

b) کسان ہمارے دیس واسیوں کے بھوک مٹانے کے لیے کام کرتے ہیں۔
کسان کے بارے میں دو جملے لکھیے۔

## PART IV
## A

VII 18 سے 20 تک سوالوں سے کسی 2 سوالوں کے جواب لکھیے۔ 2x4=8

18 മുതൽ 20 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 2 ചോദ്യത്തിന് ഉത്തരമെഴുതുക.

۱۸) انجلی کلکتہ سے اپنے ماں باپ کے ساتھ دادا جان کے گاؤں پہنچی۔ وہ اپنے دادا سے ملنے کو کھیت کی طرف گئی۔ اپنی پوتی انجلی کو دیکھ کر گووند نے خوشی سے پوچھا۔

گووند : انجلی بیٹی، تم کیسی ہو؟

انجلی : ...............................

بچّو، گووند اور انجلی کے بیچ میں کیا گفتگو ہوئی ہوگی؟ گفتگو کو آگے بڑھایئے۔

۱۹) 'عقلمند مچھیرا' ڈراما میں آپ کے پسندیدہ کردار کون ہے؟ پسندیدہ کردار کے بارے میں چار جملے لکھیے۔

۲۰) یہ دولت بھی لے لو یہ شہرت بھی لے لو
بھلے چین لو مجھ سے میری جوانی

a) بچّو، یہ شعر کا شاعر کون ہے؟

b) ان شعر میں شاعر کیا کہتے ہیں؟ شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔

## PART IV

## B

VIII 21 سے 22 تک سوالوں سے کسی 1 سوال کا جواب لکھیے۔ 4

21 മുതൽ 22 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 1 ചോദ്യത്തിന് ഉത്തരമെഴുതുക.

۲۱) بچّو، آپ نے 'سوا سیر گیہوں' نامی کہانی پڑھی ہے نا؟ نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔

a) کہانی کے دو کرداروں کے نام لکھیے۔

b) پسندیدہ ایک کردار کے بارے میں ایک نوٹ لکھیے۔

۲۲) 'انڈا ہے یا دانہ' نامی کہانی کا مرکزی کردار بڑے میاں اب بھی تندرست ہے۔ ان کی تندرستی کی کیا وجوہات ہوگی؟
اگر آپ کو ان سے ملنے کا موقع ملے تو آپ ان سے کیا کیا سوالات کریں گے؟
چار سوالات تیار کیجیے۔

## PART V

## A

IX 23 سے 24 تک سوالوں سے کسی 1 سوال کا جواب لکھیے۔ 5

23 മുതൽ 24 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 1 ചോദ്യത്തിന് ഉത്തരമെഴുതുക.

۲۳) بیس سال کے بعد ظفر علی اپنے گاؤں دیکھنے گیا۔ گاؤں کا منظر بالکل بدل چکا تھا۔ مٹی کے کچے راستے اب پکّی سڑکوں میں بدل گئے ہیں۔ چھوٹی دکانوں کی جگہ بڑی بڑی عمارتیں ہیں۔
بچّو، آپ کے گاؤں یا شہر میں آج کل کیا کیا تبدیلیاں آئی ہیں۔ ایک نوٹ لکھیے۔

۲۴)

## تہنیتی جلسہ

(ساجن آئی۔ اے۔ ایس کی کامیابی پر)

۵/ فروری ۲۰۱۸ء میں پانچ بجے

لائبریری ہال۔ ارناکلم

| | | | |
|---|---|---|---|
| صدارت | : | کمارن ماسٹر | (صدرِ پنچایت) |
| افتتاح | : | احمد جمال | (ایم۔ ایل۔ اے) |
| تہنیتی خطبہ | : | رما دیوی | (وارڈ ممبر) |
| اظہارِ تشکر | : | جوزف | (سکریٹری۔ لائبریری) |

تمام احباب سے جلسہ میں شرکت کی درخواست ہے

بچّو، پوسٹر غور سے پڑھیے اور اشاروں کی مدد سے ایک اخباری رپورٹ تیار کیجیے۔

# EQUIP DIET KASARAGOD
# SSLC EXAMINATION – 2023
## ANSWER KEY
## URDU

## PART I
### A

۱) یہ شعر نظیر اکبر آبادی کا ہے۔

۲) یہ قول ساجن کا ہے۔

۳) 'کابلی والا' رابندر ناتھ ٹیگور کا ہے۔

۴) 'عالمی یومِ یوگا' ۲۱/ جون کو منایا جاتا ہے۔

۵) 'پھول والوں کی سیر' دلّی کا میلہ ہے۔

۶) امرتا دیوی

## PART I
### B

۷) 'انڈا ہے یا دانہ' لیو ٹالسٹائی کی لکھی ہوئی کہانی ہے۔

۸) سروجنی نائڈو، کیپٹن لکشمی

۹) شکیل بدایونی

## PART II
### A

۱۰) خانہ 'الف' کو خانہ 'ب' سے ملایئے۔

| ب | الف |
|---|---|
| نظر اکبر آبادی | ستاتی ہے مفلسی |
| ندا فاضلی | غریبوں کا مسیحا |
| سدرشن فاخر | کاغذ کی کشتی |
| رابندر ناتھ ٹیگور | کابلی والا |

## PART II
### B

۱۱) ابوالکلام آزاد، سر سیّد احمد خان

۱۲) میر تقی میر، مؤمن خان مؤمن

# PART III
## A

۱۳) ☆ ندا فاضلی کون ہے؟
☆ ندا فاضلی کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟
☆ ان کی شاعری کی زبان کیسے تھے؟

۱۴) کسان گووند بڑھاتے میں بھی تندرست رہتا ہے۔ وہ خوب محنت کرنے والا ہے۔ وہ اپنے کھیتوں اور باغوں میں اناج، ترکاریاں اور پھل پیدا کرتا ہے۔ وہی چیزیں کھا تا ہے۔ خالص غذائیں اور محنت مزدوری ہوشیاری گووند کی تندرستی کی جواہات ہیں۔

۱۵) پیڑ کاٹنے کے خلاف تین نعرے تیار کرنا۔ ایک ایک کو ایک نشان
موضوع پر مبنی
صحیح زبان کا استعمال
جامعیت

۱۶) دو تہواروں کے نام لکھنا۔ ایک نشان
اپنا پسندیدہ کسی ایک تہوار کے بارے میں دو جملے لکھنا۔
ایک جملے کو ایک نشان

# PART III
## B

۱۷) شاعر کا نام لکھنا۔ ایک نشان
موضوع، تخیل، زبان، جامعیت
کم از کم دو جملے لکھنا۔

# PART IV
## A

۱۸) آداب و القاب کے الفاظ استعمال کرنا۔
موضوع سے متعلقہ گفتگو لکھنا۔
صحیح زبان کا استعمال
جامعیت اور جدّت کے ساتھ لکھنا۔
کردار کے بارے میں چار جملے لکھنا۔